# تسلی

1. **خُداوند ہماراچوپان ہے جو ہماری دُرست سمت میں رہنمائی کرتاہے اور ہماری حفاظت کرتاہے۔**

<u>23زبور:</u>اِس سارے حوالے کامطالعہ کیجیے۔

2. **جیسے عقاب اپنے گھونسلے کوہلاہلاکراپنے بچوں پرمنڈلاتاہے ویسے ہی خُداہماری فکراور حفاظت کرتاہے۔**

<u>استثنا32باب10تا12 آیات:</u> وہ خُداوند کووِیرانے اور سُونے ہولناک بیابان میں ملا۔خُداونداُس کے چوگرد رہا۔اُس نے اُسکی خبرلی اوراُسے اپنی آنکھ کی پُتلی کی طرح رکھا، جیسے عقاب اپنے گھونسلے کوہلاہلاکراپنے بچوں پرمنڈلاتاہے ویسے ہی اُس نے اپنے بازُوؤں کو پھیلایااوراُنکولے کراپنے پروں پراُٹھایا۔فقط خُداوندہی نے اُن کی رہبری کی اوراُسکے ساتھ کوئی اجنبی معبودنہ تھا۔

3. **جس طرح ایک باپ اپنے بچوں کی فکرکرتاہے خُدابھی اُسکے اپنوں کی اُسی طرح فکرکرتاہے اُسکی محبت ابدی ہے۔**

<u>103زبور8تا18 آیات:</u> اِس سارے حوالے کامطالعہ کیجیے۔

4. **جن کاتوکل خُداپرہے وہ ہمیشہ اُنکی حفاظت کرتاہے۔**

<u>91 زبور1تا2آیات:</u> جوحق تعالیٰ کے پردہ میں رہتاہے۔وہ قادرِمطلق کے سایہ میں سکونت کرے گا۔مَیں خُداوند کے بارے میں کہوں گاوہی میری پناہ اورمیراگڑھ ہے۔وہ میراخُداہے جس پرمیراتوکل ہے۔

5. **خُداہماری سرشت اورروشوں سے واقف ہے وہ اپنے قادرہاتھ سے ہماری رہنمائی کرتاہے۔**

<u>139زبور1تا12 آیات:</u> اِس سارے حوالے کامطالعہ کیجیے۔

<u>139زبور1تا3 آیات:</u> اَے خُداوند! تُونے مجھے جانچ لیااور پہچان لیا۔تُومیرااُٹھنااور بیٹھناجانتاہے۔تُومیرے خیال کودور سے سمجھ لیتاہے۔تُومیرے راستہ کی اور میری خواب گاہ کی چھان بین کرتاہے اور میری سب روشوں سے واقف ہے۔

<u>139زبور9تا10 آیات:</u> اگرمَیں صبح کے پَرلگاکرسمندرکی انتہامیں جابسوں تووہاں بھی تیراہاتھ میری رہنمائی کرے گااور تیرادہناہاتھ مجھے سنبھالے گا۔

6. **کئی بار محسوس ہوتاہے کہ راست باز مصیبت اُٹھاتاہے جبکہ ناراست خوشحال ہوتاہے۔لیکن درحقیقت خُداہمیشہ ہی درست سمت میں ہماری رہنمائی کرتاہوتاہے۔وہ اپنی حضوری سے ہمیں تسلی بخشتاہے۔**

<u>73 زبور :</u> اِس سارے حوالے کامطالعہ کیجیے۔

73 زبور23تا24 آیات : توبھی مَیں برابر تیرے ساتھ ہوں تُونے میرادہناہاتھ پکڑرکھاہے۔تُواپنی مصلحت سے میری رہنمائی کرے گااورآخرکار مجھے جلال میں قبول فرمائے گا۔

7. **موجودہ دورکی مصیبتیں مستقبل کے جلال کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں۔**

<u>رُومیوں8باب18 آیت:</u> کیونکہ میری دانست میں اِس زمانہ کے دُکھ دردِاِس لائق نہیں کہ اُس جلال کے مقابل ہوسکیں جوہم پرظاہر ہونے والاہے۔

8. **خُداسب چیزوں کوہماری بہتری کیلئے استعمال کرتاہے۔**

<u>رومیوں8باب28 آیت:</u> اورہم کومعلوم ہے کہ سب چیزیں ملکرخُداسے محبت رکھنے والوں کیلئے بھلائی پیداکرتی ہیں یعنی اُنکے لیے جوخُداکے ارادہ کے موافق بلائے گئے۔

9. **اگرخُداہماری طرف ہے توکوئی چیز ہمیں اُسکی محبت سے جدُانہیں کرسکتی۔**





Copyright©2020 reserved

رومیوں 8 باب 31 تا39 آیات: اِس سارے حوالے کا مطالعہ کیجیے۔

رومیوں 8 باب 31 آیت: پس ہم اِن باتوں کی بابت کیا کہیں ؟اگر خُدا ہماری طرف ہے تو کون ہمارا مخالف ہے ؟

رومیوں 8 باب 38 تا39 آیات: کیونکہ مجھے کو یقین ہے کہ خُدا کی جو محبت ہمارے خُداوند مسیح یسوع میں ہے اُس سے ہم کو نہ موت جدا کر سکے گی نہ زندگی۔ نہ فرشتے نہ حکومتیں۔ نہ حال کی نہ استقبال کی چیزیں نہ قدرت نہ بلندی نہ پستی نہ کوئی اور مخلوق۔

**10. یسوع اچھا چرواہا اپنی بھیڑوں کیلئے جان دیتا ہے۔ وہ اپنی ہر بھیڑ کو جانتا ہے۔ اُسکی رہنمائی کرتا ہے اور اُسکی حفاظت کرتا ہے۔ وہ ہمیں ابدی زندگی کی ضمانت دیتا ہے۔**

یوحنا 10 باب 11 آیت: اچھا چرواہا مَیں ہوں۔ اچھا چرواہا بھیڑوں کیلئے اپنی جان دیتا ہے۔

یوحنا10 باب 14 تا15 آیات: اچھا چرواہا مَیں ہوں جس طرح باپ مجھے جانتا ہے اور مَیں باپ کو جانتا ہوں۔ اِسی طرح مَیں اپنی بھیڑوں کو جانتا ہوں اور میری بھیڑیں مجھے جانتی ہیں اور مَیں بھیڑوں کے لیے اپنی جان دیتا ہوں۔

یوحنا10 باب 27 تا29 آیات: میری بھیڑیں میری آواز سنتی ہیں اور مَیں اُنہیں جانتا ہوں اور وہ میرے پیچھے پیچھے چلتی ہیں۔ اور مَیں اُنہیں ہمیشہ کی زندگی بخشتا ہوں اور وہ ابد تک کبھی ہلاک نہ ہوں گی اور کوئی اُنہیں میرے ہاتھ سے چھین نہ لے گا۔ میرا باپ جس نے مجھے وہ دی ہیں سب سے بڑا ہے اور کوئی اُنہیں باپ کے ہاتھ سے نہیں چھین سکتا۔

**11. خُدا کا فضل ہماری ہر ایک ضرورت کیلئے کافی ہے۔**

2 کرنتھیوں 9 باب 8 آیت: اور خُدا تم پر ہر طرح کا فضل کثرت سے کر سکتا ہے تاکہ تم کو ہمیشہ ہر چیز کافی طور پر ملا کرے اور ہر نیک کام کے لیے تمہارے پاس بہت موجود رہا کرے۔

**12. پولُس کے بدن میں کانٹا چبھویا گیا تھا۔ جب اُس نے دُعا کی کہ خُدا اُسے دُور کرے تو خُدا نے اُس سے کہا کہ تیرے لیے میرا فضل ہی کافی ہے۔**

2 کرنتھیوں 12 باب 7 تا10 آیات: اور مُکاشفوں کی زِیادتی کے باعث میرے پھول جانے کے اندیشہ سے میرے جسم میں کانٹا چبھویا گیا یعنی شیطان کا قاصد تاکہ میرے مکے مارے اور مَیں پھول نہ جاؤں۔ اِس کے بارے میں مَیں نے تین بار خُداوند سے اِلتماس کیا کہ یہ مجھ سے دُور ہو جائے۔ مگر اُس نے مجھ سے کہا کہ میرا فضل تیرے لئے کافی ہے کیونکہ میری قدرت کمزوری میں پوری ہوتی ہے۔ پس مَیں بڑی خوشی سے اپنی کمزوری پر فخر کرُوں گا تاکہ مسیح کی قدرت مجھ پر چھائی رہے۔ اِس لئے مَیں مسیح کی خاطر کمزوری میں۔ بے عزتی میں۔ اِحتیاج میں۔ ستائے جانے میں تنگی میں خوش ہوں کیونکہ جب مَیں کمزور ہوتا ہوں اُسی وقت زورآور ہوتا ہوں۔

2 کرنتھیوں 12 باب 9 آیت: مگر اُس نے مجھ سے کہا کہ میرا فضل تیرے لئے کافی ہے کیونکہ میری قدرت کمزوری میں پوری ہوتی ہے۔ پس مَیں بڑی خوشی سے اپنی کمزوری پر فخر کرُوں گا تاکہ مسیح کی قدرت مجھ پر چھائی رہے۔

**13. یسوع نے اپنے شاگردوں کو ایمان کی کمزوری کی وجہ سے جھڑکا اور پھر طوفان کو تھما دیا ہے۔**

متی 8 باب 23 تا27 آیات: جب وہ کشتی پر چڑھا تو اُس کے شاگرد اُس کے ساتھ ہو لئے۔ اور دیکھو جھیل میں اَیسا بڑا طوفان آیا کہ کشتی لہروں میں چھپ گئی مگر وہ سوتا تھا۔ اُنہوں نے پاس آکر اُسے جگایا اور کہا اَے خُداوند ہمیں بچا! ہم ہلاک ہوئے جاتے ہیں۔ اُس نے اُن سے کہا اَے کم اِعتقادو! ڈرتے کیوں ہو ؟تب اُس نے اُٹھ کر ہوا اور پانی کو ڈانٹا اور بڑا اَمن ہو گیا۔ اور لوگ تعجب کر کے کہنے لگے یہ کس طرح کا آدمی ہے کہ ہوا اور پانی بھی اِس کا حکم مانتے ہیں۔

**14. خُدا اپنی لامحدود حکمت سے ہر ایک چیز کی رہبری کرتا ہے اور اُسکی راہیں ہماری سوچ سے بالا ہیں۔**

رُومیوں 11 باب 33 تا36 آیات: واہ! خُدا کی دولت اور حکمت اور علم کیا عمیق ہے! اُس کے فیصلے کس قدر ادراک سے پرے اور اُس کی راہیں کیا ہی بے نشان



Copyright©2020 reserved

ہیں! خُداوند کی عقل کو کس نے جانا؟ یاکون اُس کا صلاح کار ہوا؟ یا کس نے پہلے اُسے کچھ دیا ہے؟ جس کا بدلہ اُسے دیا جائے؟ کیونکہ اُسی کی طرف سے اور اُسی کے وسیلہ سے اور اُسی کیلئے سب چیزیں ہیں۔ اُس کی تمجید ابد تک ہوتی رہے۔ آمین۔

### 15. ایک روز یہ دکھوں بھری زندگی کا اختتام ہو گا اور ہر چیز بنادی جائیگی۔



مکاشفہ 21 باب 1 تا 4 آیات: پھر مَیں نے ایک نئے آسمان اور نئی زمین کو دیکھا کیونکہ پہلا آسمان اور پہلی زمین جاتی رہی تھی اور سمندر بھی نہ رہا۔ پھر مَیں نے شہر مُقدس نئے یروشلیم کو آسمان پر سے خُدا کے پاس سے اُترتے دیکھا اور وہ اُس دُلہن کی مانند آراستہ تھا جس نے اپنے شوہر کے لئے سنگار کیا ہو۔ پھر مَیں نے تخت میں سے کسی کو بُلند آواز سے یہ کہتے سُنا کہ دیکھ خُدا کا خیمہ آدمیوں کے درمیان ہے اور وہ اُن کے ساتھ سکونت کرے گا اور وہ اُس کے لوگ ہوں گے اور خُدا آپ اُن کے ساتھ رہے گا اور اُن کا خُدا ہو گا۔ اور وہ اُن کی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دے گا۔ اِس کے بعد نہ موت رہے گی اور نہ ماتم رہے گا۔ نہ آہ و نالہ نہ درد۔ پہلی چیزیں جاتی رہیں۔

### 16. اپنی فکریں خُداوند پر ڈال دیں وہ خود آپکی مدد کرے گا۔

55 زبور 22 آیت: اپنا بوجھ خُداوند پر ڈال دے۔ وہ تجھے سنبھالے گا۔ وہ صادق کو کبھی جنبش نہ کھانے دے گا۔

### 17. خدا ہر طرح کی تسلی کا سرچشمہ ہے۔

2 کرنتھیوں 1 باب 3 تا 4 آیات: ہمارے خُداوند یسوع مسیح کے خُدا اور باپ کی حمد ہو جو رحمتوں کا باپ اور ہر طرح کی تسلی کا خدا ہے۔ وہ ہماری سب مصیبتوں میں ہم کو تسلی دیتا ہے تاکہ ہم اُس تسلی کے سبب سے جو خُدا ہمیں بخشتا ہے۔ اُن کو بھی تسلی دے سکیں جو کسی طرح کی مصیبت میں ہیں۔

### 18. خُدا لا تبدیل طور پر وفادار ہے۔

89 زبور 1 تا 8 آیات: اِس سارے حوالے کا مطالعہ کیجیے۔

89 زبور 1 تا 2 آیات: مَیں ہمیشہ خُداوند کی شفقت کے گیت گاؤں گا۔ مَیں پشت در پشت اپنے منہ سے تیری وفاداری کا اعلان کرُوں گا۔ کیونکہ مَیں نے کہا کہ شفقت ابد تک بنی رہے گی۔ تُو اپنی وفاداری کو آسمان میں قائم رکھے گا۔

89 زبور 8 آیت: اَے خُداوند لشکروں کے خُدا! اَے یاہ! تجھ سا زبردست کون ہے؟ تیری وفاداری تیرے چوگرد ہے۔

### 19. خُدا اپنے گلے کی نگہبانی ایک چرواہے کی طرح کرتا ہے۔

یسعیاہ 40 باب 10 تا 11 آیات: دیکھو خُداوند خُدا بڑی قدرت کے ساتھ آئے گا اور اُسکا بازو اُس کے لیے سلطنت کرے گا۔ دیکھو اُس کا صلہ اُسکے ساتھ ہے اور اُس کا اجر اُس کے سامنے! وہ چوپان کی مانند اپنا گلہ چرائے گا۔ وہ برّوں کو اپنے بازووں میں جمع کرے گا اور اپنی بغل میں لے کر چلے گا اور اُن کو جو دودھ پلاتی ہیں آہستہ آہستہ لے جائے گا۔

### 20. خُدا کی مہربانی عمر بھر قائم رہتی ہے اور وہ رونے والوں کو مسرت بخشتا ہے۔

30 زبور 4 تا 5 آیات: خُداوند کی ستائش کرو اَے اُس کے مقدسو! اور اُس کے قُدس کو یاد کر کے شکر گذاری کرو کیونکہ اُس کا قہر دم بھر کا ہے۔ اُس کا کرم عمر بھر کا۔ رات کو شاید رونا پڑے پر صبح کو خوشی کی نوبت آتی ہے۔

### 21. خُدا نے وعدہ کیا ہے کہ ہمیشہ ہماری حقیقی ضروریات مہیا کرے گا۔

فلپیوں 4 باب 19 آیت: میرا خُدا اپنی دولت کے موافق جلال سے مسیح یسوع میں تمہاری ہر ایک احتیاج رفع کرے گا۔

Copyright©2020 reserved

